یوحنا کی انجیل سے لیا گیا خُدا کی نجات کا آسان منصوبہ



یسوع کیوں مر گیا ؟

1- انسان فطرتی طور پر بُرے (غلط) کام کرتا ہے

یوحنا 3: 19 "اور سزا کے حُکم کا سبب یہ ہے کہ نُور دُنیا میں آیا ہے اور آدمیوں نے تاریکی کو نُور سے زیادہ پسند کیا ۔ اِسی لئے کہ اُن کے کام بُرے تھے ۔"

ہم سب گنہگار ہیں!

2- اِس عادت کی وجہ سے ہمیں سزا ملے گی!

یوحنا 6: 40 "کیونکہ میرے باپ کی مرضی یہ ہے کہ جو کوئی بیٹے کو دیکھے اور اُس پر ایمان لائے ہمیشہ کی زندگی پائے اور میں اُسے آخری دن پھر زندہ کروں۔"

یوحنا 3: 18 "جو اُس پر ایمان لاتا ہے اُس پر سزا کا حُکم نہیں ہوتا ۔ جو اُس پر ایمان نہیں لاتا اُس پر سزا کا حُکم ہو چکا ۔ اِسی لئے کہ وہ خُدا کے اِکلوتے بیٹے کے نام پر ایمان نہیں لایا ۔"

یوحنا 3: 36 ب " جو بیٹے کی نہیں مانتا زندگی کو نہ دیکھے گا بلکہ اُس پر خُدا کا غضب رہتا ہے ۔"

گناہ کی قیمت موجود ہے!

3. یسوع مر گیا اور اُس نے صلیب پر ہمارے گناہوں کی قیمت ادا کی!

لوقا 18: 13 "لیکن محصُول لینے والے نے دُور کھڑے ہو کر اِتنا بھی نہ چاہا کہ آسمان کی طرف آنکھ اُٹھائے بلکہ چھاتی پیٹ پیٹ کر کہا کہ اَے خُدا ! مُجھ گنہگار پر رحم کر -"

لوقا 19: 10 " کیونکہ اِبنِ آدم کھوئے ہوؤں کو ڈھونڈنے اور نجات دینے آیا ہے -"

لوقا 24: 46 "اور اُن سے کہا یوں لکھا ہے کہ مسیح دُکھ اُٹھائے گا اور تیسرے دن مردوں میں سے جی اُٹھے گا!"

مسیح گنہگاروں کے واسطے موا !

4. نجات مفت تحفہ ہے ، یہ ہمارے اچھے کاموں کی وجہ سے نہیں ہے. اِس لئے آپ کو خُدا کے کلام کو جاننے اور صرف یسوع مسیح پر ایمان اور بھروسہ رکھنے کی ضرورت ہے.

اِفسیوں 2: 8-9 "کیونکہ تم کو ایمان کے وسیلہ سے فضل ہی کے وسیلہ سے نجات ملی ہے اور یہ تمہاری طرف سے نہیں - خُدا کی بخشش ہے-"

طِطُس 3: 5 "تو اُس نے ہم کو نجات دی مگر راستبازی کےکاموں کے سبب سے نہیں جو ہم نے کے خود کیے بلکہ اپنی رحمت کے مطابق نئی پیدایش کے غُسل اور رُوح القدس کے ہمیں نیا بنانے کے وسیلہ سے -"

اعمال 4: 12 "اور کسی دوسرے کے وسیلہ سے نجات نہیں بلکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرا نام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات پا سکیں-"

5. آپ کو صرف یسوع پر ایمان اور بھروسہ رکھنے کی ضرورت ہے!

لوقا 13: 3 " اگر تُم توبہ نہ کرو گے تو سب اِسی طرح ہلاک ہو گے-"

لوقا 18: 17 "میں تُم سے سچ کہتا ہُوں کہ جو کوئی خُدا کی بادشاہی کو بچے کی طرح قبول نہ کرے وہ اُس میں ہرگز داخل نہ ہو گا -"

رومیوں 10: 9-10، 13 "کہ اگر تُو اپنی زبان سے یسوع کے خُداوند ہونے کا اِقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خُدا نے اُسے مردوں میں سے جِلایا تو تُو نجات پائے گا ۔ کیونکہ راستبازی کے لئے ایمان لانا دل سے ہوتا ہے اور نجات کے لئے اِقرار مُنہ سے کیا جاتا ہے ۔کیونکہ جو کوئی خُداوند کا نام لے گا نجات پائے گا۔"

اگر آپ یسوع کو اپنا نجات دہندہ قبول کرنا چاہتے ہیں اور خُدا سے اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں تو یہاں لکھی گئی دُعا کے مطابق دُعا مانگیں ۔ اِس دُعا کو مانگنے کے بعد کوئی دوسری دُعا آپ کو بچا نہیں سکتی ۔ یہ صرف یسوع مسیح پر بھروسہ کرنا ہے جو گناہوں کی معافی بخشتا ہے ۔ یہ دُعا خُدا کے سامنے آپ کے ایمان کو بیان کرنے کا ایک طریقہ ہے اور اُس کی شکرگزاری کرنا ہے جس نے آپ کو آپ کے گناہوں سے معافی بخشی ۔



"خُداوند،

میں جانتا ہوں کہ میں گنہگار ہوں ۔ میں جانتا ہوں کہ مجھے میرے گناہوں کی سزا ملے گی جس کا نتیجہ موت اور جہنم ہے ۔ پھربھی میں یسوع مسیح پر اپنے نجات دہندہ کے طورپر ایمان رکھتا ہوں کہ اُس کی موت اور مردوں میں سے جی اُٹھنے نے میرے گناہوں کی معافی مہیا کی۔ میں یسوع اور صرف یسوع پر اپنے نجات دہندہ کے طور پر ایمان رکھتا ہوں۔ اَے خُداوند مجھے بچانے اور معاف کرنے کے لئے میں تیرا شکر کرتا ہوں۔آمین!"

Amazing Grace Publishing * PO Box 1963 * Joshua TX 76058 * 817-426-1828 * E-Mail JamesAV@aol.com
Translated by Pastor Michael irfan, Email: pastormichaelirfan@gmail.com